**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ 21.02.2025**

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | تعلیم میں سرمایہ کاری تعمیر وترقی کی کنجی ہے، گورنر مندوخیل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | کوئٹہ پیکج کے منصوبوں پر دن رات کام کیا جائے گا، سرفراز بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | صوبائی کابینہ نے پی ایچ ای کیلئے 65 ملین روپے مختص کردیئے، سردار کھیتر ان | انتخاب حب ودیگر اخبارات |
| 04 | پیپلز پارٹی کے تمام ارکام اور عہدایدار ایک پیج پر ہیں، بخت محمد کاکڑ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | رمضان میں اڑھائی لاکھ خاندانوں کو مفت راشن دینگے، چیف سیکرٹری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | تحصیل چاغی میں کوئیک رسپانس فورس نے مغوی بچی 12 گھنٹے میں بازیاب کرالی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | ڈرپوک ٹولہ نہتے لوگوں کو نشانہ بنارہاہے، کیفر کردار تک پہنچائیں گے، آئی جی ایف سی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | ٹیکس دہندگان کو سہولیات اور عزت واحترام دینا ہمارا مقصد ہے، ڈاکٹر آصف محمود | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | خستہ حال لوکل بسوں کیخلاف کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے، ایس ایس پی ٹریفک | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | وائس آف بلوچ مسنگ پرسنز کی سیکرٹری کو سفری پابندی کیخلاف بلوچستان حکومت رجوع کرنے کی ہدایت | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 11 | میر چاکر رند یونیورسٹی سبی میں بیماریوں سے بچاؤ کے متعلق آگاہی پروگرام | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | اینٹی کرپشن نے پاپولیشن ویلفیئر کے سابق ایڈمن ڈائریکٹر کو گرفتار کرلیا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | اجتماع کے موقع پر انتظامات مکمل اور سیکورٹی سخت ہے، کمشنر سبی ڈویژن | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | ڈپٹی کمشنر منصور قاضی کے زیر صدارت رمضان بچت بازار کے حوالے سے اجلاس | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | محکموں کی طرف سے بجٹ کا مطالبہ اور پھر واپس کرنا مالی ضوابط کی خلاف ورزی، پی اے سی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | کوئٹہ اپنی مدد آپ کے تحت قائم لائبریری کو خالی کرنے کا نوٹس | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | حکومت نے نوجوان پائلٹ ترقیاتی پروگرام شروع کردیا، شاہد رند | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | حکومت بلوچستان اور صادق پبلک اسکول کے اشتراک سے فلی فنڈڈ اسکالرشپ کا اعلان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | پاکستان اور چین ہر طرح کے حالات میں ساتھ کھڑے ہیں، صادق سنجرانی | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن و امان:

کوئٹہ شابان میں پولیس چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کا حملہ 2 اہلکار شہید 2 زخمی، کوئٹہ اندورون بلوچستان فائرنگ حادثات 8 جاں بحق 14 زخمی، تمپ میں فائرنگ سے ایک شخص ہلاک، ڈیرہ مراد جمالی غیرت کے نام پر خاتون سمیت 2 افراد قتل، نوشکی میں مسلح افراد کی گاڑی پر فائرنگ، بھگدڑ مچ گئی

## عوامی مسائل:

خضدار وڈھ، لسبیلہ میں قومی شاہراہ دو روز سے بند ہزاروں مسافر پھنس گئے، رمضان کی آمد سے قبل ہی اشیاء نے خورد ونوش کی قیمتوں میں اضافہ

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 21.02.2025

**اداریہ :**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**ریکوڈک سمیت دیگر میگا پروجیکٹس بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کے ضامن** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ ریکوڈک کا شمار دنیا کے تانبے اور سونے کے بڑے ذخائر میں ہوتا ہے یہ منصوبہ ملکی ترقی وخوشحالی کیلئے نہایت اہمیت کا حامل ہے۔اس منصوبے سے ملک کے پسماندہ صوبے بلوچستان میں ترقی کا نیا باب کھلے گا اور ایک رپورٹ کے مطابق تقریباً 7 ہزار 500 افراد کو روزگار ملے گا۔حکومتی اقدامات کے مطابق سال 2028 میں منصوبے کی تکمیل کے بعد یہاں سے باقاعدہ تانبے اور سونے کے دیگر ذخائر کی دریافت کا کام شروع ہوجائے گا، ابھی پہلے مرحلے میں کام جاری ہے۔ریکوڈک کے قریب نوکنڈی کے مقام پر 30 ہزار نفوس پر مشتمل آبادی ہے اور یہاں کے محنت کشوں کی بڑی تعداد ریکوڈک منصوبے کی تکمیل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کررہی ہے ۔حکومت نے نوکنڈی میں آباد لوگوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے متعدد اقدامات کیے ہیں جن میں اسپتال اسکول اور ٹیکنیکل سینٹر کی تعمیر شامل ہے،نوکنڈی کے انڈس اسپتال میں وہاں کے مکینوں کے لئے ہرممکن سہولیات فراہم کی گئیں۔

**اداریے:**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**وزیراعلیٰ بلوچستان کا قانون کی بالا دستی اور شہری ترقی پر زور** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان میں مقامی حکومتیں،پسماندگی اور محرومی کے خاتمے کیلئے موثر فارمولہ**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے " Modernizing Healthcare sector" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Untapped potential o fMekran coastal belt's seabed" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 71، جمعۃ المبارک، 22 شعبان المعظم، 21 فروری 2025، صفحات 8 قیمت 40 روپے


# کوئٹہ پیکیج کے زیر التواء منصوبوں کو تیز رفتاری سے مکمل کرینگے، سرفراز بگٹی

## مجھ سمیت جو بھی ٹریفک قوانین کی پابندی نہ کرے اس کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے، وزیراعلیٰ بلوچستان

## شہری سڑکیں معیاری بنانے کے ساتھ ساتھ کوئٹہ ایئرپورٹ کو بھی عالمی معیار کے مطابق بنائیں گے، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ سرکار سے تنخواہ لینے والے تنخواہ دار کو سرکار کا کام کرنا پڑے گا اب گھر بیٹھ کر تنخواہیں لینے کا کلچر ختم ہو گیا ہے، کوئٹہ پیکج کے تحت زیر التواء منصوبوں کی رفتار تیز کر کے دن رات کام کیا جائے گا، مجھ سمیت جو بھی ٹریفک قوانین پر عملدرآمد نہیں کرے گا اس کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے، کوئٹہ کے ایئرپورٹ روڈ کو بین الاقوامی معیار کے مطابق بنایا جائے گا، ریڈیو پاکستان کی اراضی پر پارک بنایا جائے گا، صوبہ کی تاریخ میں پہلی مرتبہ انڈر پاس بننے جا رہا ہے یہ بات انہوں نے گزشتہ روز اسکب روڈ توسیع منصوبے (باقی صفحہ 5 نمبر 34)

اور ماڈرن ٹریفک پولیسنگ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ مجھے بہت زیادہ خوشی کا احساس ہوا جب میری گاڑی سگنل کے قریب پہنچی تو وہاں سرخ لائٹ جل رہی تھی اور میرا کانوائے بھی وہاں رکا، یہ ٹریفک سگنل کوئٹہ کا پہلا ٹریفک سگنل ہے ہم نے آگے بڑھنا ہے کوئٹہ کے ایئرپورٹ روڈ کو بین الاقوامی معیار کے مطابق بنایا جائے گا صوبہ کی تاریخ میں پہلی مرتبہ انڈر پاس بننے جا رہا ہے، جس کو دو ماہ میں دن رات کام کر کے مکمل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ میں وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کا شکر گزار ہوں جنہوں نے ریڈیو پاکستان کی اراضی صوبائی حکومت کو دی ہے، وہاں چونتیس ایکڑ پر محیط پارک بنایا جائے گا وہاں کنکریٹ کا کوئی کام نہیں ہوگا واکنگ ٹریک بنایا جائے گا، مذکورہ پارک کو وزیراعظم محمد شہباز شریف کے نام سے منسوب کیا جائے گا جسے ایک سال کے اندر مکمل کیا جائے گا، انہوں نے کہا کہ یہ ماحول بنایا گیا ہے جس کو بھی ملازمت ملے وہ کہتا ہے کہ اس نے کوئٹہ میں رہنا ہے دوسرے اضلاع میں نہیں جانا ہے، سرکار سے تنخواہ لینے والے تنخواہ دار کو سرکار کا کام کرنا پڑے گا اب گھر بیٹھ کر تنخواہیں لینے کا کلچر ختم ہو گیا ہے۔ تقریب میں کوئٹہ ڈیولپمنٹ پراجیکٹ کے ڈائریکٹر رفیق بلوچ نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ یہ منصوبہ کوئٹہ شہر کی بنیادی ڈھانچے میں ایک نمایاں بہتری ثابت ہوگا اور عوام کو بین الاقوامی معیار کی سہولیات فراہم کرنے میں مدد دے گا، منصوبے کے تحت کوئٹہ شہر کے مین سگنلز کو اپ گریڈ کیا جا رہا ہے، انہوں نے بتایا کہ بیوٹمز یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (بسٹ) کے ماہر انجینئرز سے جدید ترین نقشے بنوائے ہیں جس میں سڑکوں کی بہتری کے ساتھ ساتھ نکاسی آب کا موثر نظام بھی شامل ہے، انہوں نے یقین دلایا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر عملدرآمد کرتے ہوئے جاری منصوبوں کی تکمیل کے لیے کام کی رفتار تیز کر دی گئی ہے۔

# وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی شعبان واقعے کی مذمت

## دہشت گرد ہمارے حوصلے پست نہیں کر سکتے، جوانوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائینگی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ کے نواحی علاقے شعبان میں پولیس چیک پوسٹ پر فائرنگ کے واقعے کی شدید مذمت کی ہے اپنے بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس حملے کو ایک بزدلانہ کارروائی قرار دیتے ہوئے کہا کہ دہشت گردوں کی ایسی مذموم کارروائیاں ہمارے حوصلے پست نہیں کر سکتیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ہمارے دو بہادر پولیس (باقی صفحہ 5 نمبر 41)

اہلکاروں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر دہشت گردی کا ایک بڑا منصوبہ ناکام بنا دیا ان کی قربانی رائیگاں نہیں جائے گی اور ہم ان ہیروز کے مقروض ہیں جن کی قربانیوں کی بدولت ہمارا وطن محفوظ ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان حکومت اور عوام شہداء کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں انہوں نے شہید پولیس اہلکاروں کے بلند درجات کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس حوالے سے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر بھی اپنا پیغام جاری کیا جس میں انہوں نے شہداء کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان میں امن وامان کے قیام کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت اسکب روڈ توسیع منصوبے اور ماڈرن ٹریفک پولیسنگ کا افتتاح کر رہے ہیں، صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی بھی موجود ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر پی سی I-4

قیمت 30 روپے ★ صفحات

www.dailyintekhab.PK

Intekhabnews@gmail.com,

Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | بروز جمعۃ المبارک ، 21 فروری 2025ء بمطابق ، 22 شعبان المعظم 1446ھ | شمارہ نمبر 52


# کوئٹہ میں وال چاکنگ کیخلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے، وزیراعلیٰ

ترقیاتی منصوبے عوامی فلاح و بہبود کیلئے انتہائی اہم ہیں، ایئرپورٹ روڈ کو بین الاقوامی معیار کے مطابق بنائیں گے، یہ منصوبہ آغاز کے بعد دو ماہ میں مکمل ہوگا

وزیراعظم پاکستان نے سریاب روڈ پر ریڈیو پاکستان کی اراضی بلوچستان حکومت کو پارک کی تعمیر کیلئے دینے کی حامی بھرلی ہے، افتتاحی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ قانون سب کے لیے برابر ہے، کوئٹہ شہر ہم سب کا گھر اور پورے صوبے کا چہرہ ہے جس کی خوبصورتی کے لئے ہر فرد نے اپنا کردار ادا کرنا ہے، وال چاکنگ سے شہر کی خوبصورتی خراب ہوتی ہے، اس لئے جو بھی وال چاکنگ میں ملوث ہو بلا امتیاز کارروائی کی جائے، جمعرات کو اسکمب روڈ توسیع منصوبے اور ماڈرن ٹریفک پولیسنگ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ مجھے آج دلی خوشی ہوئی کہ میرا قافلہ بھی سرخ سگنل پر روکا گیا جو اس بات کا مظہر ہے کہ قانون سب کے لیے برابر ہے میر سرفراز بگٹی نے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 5 پر

اسکمب روڈ توسیع منصوبے کی تکمیل پر پروجیکٹ ڈائریکٹر اور ان کی پوری ٹیم کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ ترقیاتی منصوبے عوامی فلاح و بہبود کے لیے انتہائی اہم ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ائیرپورٹ روڈ کو بین الاقوامی معیار کے مطابق بنائیں گے اور یہ منصوبہ آغاز کے بعد دو ماہ میں مکمل ہوگا وزیراعلیٰ نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان نے سریاب روڈ پر ریڈیو پاکستان کی اراضی بلوچستان حکومت کو پارک کی تعمیر کے لئے دینے کی حامی بھری ہے اس 24 ایکڑ اراضی پر بغیر کنکریٹ کا نیچرل پارک بنانے کا منصوبہ بنائیں گے جسے وزیراعظم پارک کا نام دیا جائے گا یہ منصوبہ ایک سال میں مکمل کیا جائے گا کوئٹہ شہر کی خوبصورتی کے حوالے سے وزیراعلیٰ بلوچستان نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ شہر کی دیواروں پر کسی بھی سیاسی جماعت یا ادارے کا نام لکھنے پر متعلقین کے خلاف ایف آئی آر درج کی جائے گی انہوں نے انتظامی افسران کو حکم دیا کہ دیواروں پر وال چاکنگ کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے اگر دیواروں پر پیپلز پارٹی کا نام لکھا ہو تو بھلے میرے خلاف بھی ایف آئی آر درج کی جائے ٹریفک قوانین کے حوالے سے انہوں نے واضح کیا کہ کسی کو خلاف ضابطہ اقدام کی اجازت نہیں دی جائے گی جو بھی ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرے گا اس کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت اسکمب روڈ توسیع منصوبے اور ماڈرن ٹریفک پولیسنگ کا افتتاح کررہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


1

6


Daily AZADI Quetta
روزنامہ آزادی کوئٹہ
بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 | جمعہ 21 فروری 2025ء بمطابق 22 شعبان 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-52




وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت اسکب روڈ توسیع منصوبے اور ماڈرن ٹریفک پولیسنگ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے ہیں


# قانون سب کیلئے برابر ہے میرٹ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ شہر ہم سب کا گھر اور پورے صوبے کا چہرہ ہے اس کی خوبصورتی کے لئے ہر فرد نے اپنا کردار ادا کرنا ہے، وال چاکنگ میں ملوث لوگوں کیخلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے

**کسی کو خلاف ضابطہ اقدام کی اجازت نہیں دی جائے گی جو بھی ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرے گا اس کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی، تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ قانون سب کے لئے برابر ہے، کوئٹہ شہر ہم سب کا گھر اور پورے صوبے کا چہرہ ہے جس کی خوبصورتی کے لئے ہر فرد نے اپنا کردار ادا کرنا ہے، وال چاکنگ سے شہر کی خوبصورتی خراب ہوتی ہے، اس لئے جو بھی وال چاکنگ میں ملوث ہو بلا امتیاز کارروائی کی جائے، جمعرات کو اسکب روڈ توسیع منصوبے اور ماڈرن ٹریفک پولیسنگ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ مجھے آج دلی خوشی ہوئی کہ میرا قافلہ بھی سرخ سگنل پر روکا گیا جو اس بات کا مظہر ہے کہ قانون سب کے (بقیہ نمبر4 صفحہ نمبر2پر)

لیے برابر ہے میر سرفراز بگٹی نے اسکب روڈ توسیع منصوبے کی تکمیل پر پروجیکٹ ڈائریکٹر اور ان کی پوری ٹیم کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ ترقیاتی منصوبے عوامی فلاح و بہبود کے لیے انتہائی اہم ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ائیر پورٹ روڈ کو بین الاقوامی معیار کے مطابق بنائیں گے اور یہ منصوبہ آغاز کے بعد دو ماہ میں مکمل ہوگا وزیراعلیٰ نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان نے سریاب روڈ پر ریڈیو پاکستان کی اراضی بلوچستان حکومت کو پارک کی تعمیر کے لئے دینے کی حامی بھری ہے اس 124 ایکڑ اراضی پر بغیر کنکریٹ کا نیچرل پارک بنانے کا منصوبہ بنائیں گے جسے وزیراعظم پارک کا نام دیا جائے گا یہ منصوبہ ایک سال میں مکمل کیا جائے گا کوئٹہ شہر کی خوبصورتی کے حوالے سے وزیراعلیٰ بلوچستان نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ شہر کی دیواروں پر کسی بھی سیاسی جماعت یا ادارے کا نام لکھنے پر متعلقین کے خلاف ایف آئی آر درج کی جائے گی انہوں نے انتظامی افسران کو حکم دیا کہ دیواروں پر وال چاکنگ کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے اگر دیواروں پر پیپلز پارٹی کا نام لکھا ہو تو بھلے میرے خلاف بھی ایف آئی آر درج کی جائے ٹریفک قوانین کے حوالے سے انہوں نے واضح کیا کہ کسی کو خلاف ضابطہ اقدام کی اجازت نہیں دی جائے گی جو بھی ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرے گا اس کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی انہوں نے ایس ایس پی ٹریفک کو ہدایت کی کہ وہ اس معاملے میں سختی سے عمل کریں اور کوئی کتنا بھی بااثر کیوں نہ ہو اس کے خلاف لازمی کارروائی کریں تقریب میں وزیراعلیٰ نے میرٹ کی پابندی اور شفافیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ میرٹ کی پامالی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ "صفا کوئٹہ" کے نام سے ایک صفائی مہم جاری ہے جس کا مقصد کوئٹہ کو ایک بین الاقوامی معیار کا صاف ستھرا شہر بنانا ہے تقریب میں کوئٹہ ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کے ڈائریکٹر رفیق بلوچ نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ یہ منصوبہ کوئٹہ شہر کی بنیادی ڈھانچے میں ایک نمایاں بہتری ثابت ہوگا اور عوام کو بین الاقوامی معیار کی سہولیات فراہم کرنے میں مدد دے گا منصوبے کے تحت کوئٹہ شہر کے مین سیکشنز کو اپ گریڈ کیا جارہا ہے جہاں سے زیادہ ٹریفک گزرتا ہے انہوں نے بتایا کہ ہم نے نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (نسٹ) کے ماہر انجینئرز سے جدید ترین نقشے بنوائے ہیں جس میں سڑکوں کی بہتری کے ساتھ ساتھ نکاسی آب کا موثر نظام بھی شامل ہے پروجیکٹ ڈائریکٹر نے یقین دلایا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر عمل درآمد کرتے ہوئے جاری منصوبوں کی تکمیل کے لیے کام کی رفتار تیز کردی گئی ہے۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

1 D 7



وزیراعلٰی میر سرفراز بگٹی انسکب روڈ توسیعی منصوبے اور ماڈرن ٹریفک پولیسنگ کا افتتاح کر رہے ہیں

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
روزنامہ باخبر کوئٹہ
بانی اکرام اللہ خان
جلد 29 | جمعہ 21 فروری 2025ء بمطابق 22 شعبان 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 52

• کابینہ اجلاس میں ڈیجیٹل لینڈ سیٹلمنٹ کی منظوری زمین کا تمام ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ ہوگا واٹر ریسورسز مینجمنٹ بل ماہی گیری اور آبی زراعت کی نئی پالیسی کی منظوری بھی دیدی گئی

بلوچستان کابینہ کے اجلاس میں اہم فیصلوں کی منظوری

# وسائل کا درست استعمال خوشحالی کی ضمانت ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان

وزیراعلٰی بلوچستان کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اجلاس منعقد ہوا جس میں اہم فیصلوں کی منظوری، عوام کو بہتر سیکورٹی کی فراہمی تعلیمی سہولیات میں اضافے اور محکموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا

بلوچستان فوڈ اتھارٹی لیبارٹری گندم کی اوپن مارکیٹ میں فروخت کیلئے کابینہ کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ، انسداد دہشت گردی عدالت خضدار کیلئے جج کے تقرر کی منظوری، جعفرآباد میں دو نئے پولیس اسٹیشن قائم کرنے کی منظوری بھی دیدی گئی

کوئٹہ (لیمن) وزیراعلٰی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اجلاس جمعرات کو چیف منسٹر سیکریٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں ڈیجیٹل لینڈ سیٹلمنٹ کی منظوری دی گئی جس کے تحت زمین کے تمام ریکارڈ کو کمپیوٹرائزڈ کیا جائے گا تاکہ شفافیت اور آسان رسائی کو یقینی بنایا جاسکے کابینہ نے کھچی کینال سے حاصل ہونے والی زرعی پیداوار پر زمینداروں کو صوبائی ٹیکس میں ریلیف دینے پر اتفاق کیا تاکہ کسانوں کو سہولت فراہم کی جاسکے اور زرعی شعبے میں بہتری آئے، کابینہ نے بلوچستان واٹر ریسورسز مینجمنٹ بل منظور کرلیا جس کے تحت آبی وسائل کے درست اور موثر استعمال کو یقینی بنایا جائے گا اس کے ساتھ ساتھ زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی کے لیے موثر قانون نافذ کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا اجلاس میں ماہی گیری اور آبی زراعت کے لیے نئی پالیسی کی منظوری دے دی گئی جو ماہی گیری کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں مددگار ثابت ہوگی، اجلاس میں بلوچستان ڈسپوزل آف موٹر وہیکلز رولز 2025 کی بھی منظوری دی گئی جس سے گاڑیوں کی خرید و فروخت اور رجسٹریشن کے معاملات کو مزید شفاف بنایا جاسکے گا کابینہ نے سیلاب سے متاثرہ کیڈٹ کالج جعفرآباد کی بحالی کے لیے اضافی گرانٹ جاری کرنے کا فیصلہ کیا جبکہ تعلیمی ترقی کے لیے دستیاب انفراسٹرکچر کے بہتر استعمال کو یقینی بنانے کا فیصلہ بھی کیا گیا تاکہ طلبہ کو جدید تعلیمی سہولیات فراہم کی جاسکیں اجلاس میں بلوچستان فوڈ اتھارٹی لیبارٹری کے قیام کی منظوری دی گئی کابینہ نے تحصیل ڈیرہ بگٹی کو اے ایریا قرار دینے کی منظوری بھی دی، محکمہ خوراک کی جانب سے خریدی گئی گندم کو اوپن مارکیٹ میں فروخت کرنے کے لیے کابینہ نے ایک کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا جو اس عمل کو شفافیت کے ساتھ مکمل کرے گی اور مارکیٹ کا جائزہ لیکر قیمت فروخت کا تعین کرے گی، کابینہ نے رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ میں ضروری ترامیم کی بھی منظوری دی، جعفرآباد میں دو نئے پولیس اسٹیشن قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا تاکہ عوام کو بہتر سیکورٹی فراہم کی جاسکے کابینہ اجلاس میں انسداد دہشت گردی عدالت خضدار کے جج کی تقرری کی منظوری دی گئی، صوبائی کابینہ کے اجلاس میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کے لیے 65 ملین روپے کے فنڈز کی منظوری دی گئی اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلٰی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور عوام کے مسائل کے حل کے لئے کابینہ پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے عوام نے صوبائی حکومت سے جو توقعات وابستہ کر رکھی ہیں اس پر پورا اترنے کے لئے تمام کابینہ اراکین کو پوری تندہی سے کام کرنا ہوگا کابینہ اراکین اپنے محکموں کی کارکردگی کا جائزہ لیں اور مزید بہتری کے لیے اقدامات اٹھائیں انہوں نے کہا کہ آنے والی نسلوں کے روشن مستقبل کے لیے ہمیں پوری نیک نیتی سے کام کرنا ہوگا۔



کوئٹہ، وزیراعلٰی بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS B…

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت …

Bullet No. 1 | Page No. 8


DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | جمعہ 21 فروری 2025ء 22 شعبان المعظم 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 52


وزیراعلیٰ بلوچستان

# عوام کی توقعات پر پورا اترنے کیلئے صوبائی کابینہ کو تندہی سے کام کرنا ہوگا

## میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اجلاس، کچھی کینال سے حاصل ہونے والی زرعی پیداوار پر زمینداروں کو صوبائی ٹیکس میں ریلیف دینے پر اتفاق کیا

**کوئٹہ شہر ہم سب کا گھر اور پورے صوبے کا چہرہ ہے، جس کی خوبصورتی کے لئے ہر فرد نے اپنا کردار ادا کرنا ہے، وال چاکنگ سے شہر کی خوبصورتی خراب ہوتی ہے،**

کوئٹہ (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اجلاس جمعرات کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں ڈیجیٹل لینڈ سیٹلمنٹ کی منظوری دی گئی جس کے تحت زمین کے تمام ریکارڈ کو کمپیوٹرائزڈ کیا جائے گا تاکہ شفافیت اور آسان رسائی کو یقینی بنایا جاسکے کابینہ نے کچھی کینال سے حاصل ہونے والی زرعی پیداوار پر زمینداروں کو صوبائی ٹیکس میں ریلیف دینے پر اتفاق کیا تاکہ کسانوں کو سہولت فراہم کی جاسکے اور زرعی شعبے میں بہتری آئے، کابینہ نے بلوچستان واٹر ریسورسز مینجمنٹ بل منظور کرلیا جس کے تحت آبی وسائل کے درست اور موثر استعمال کو یقینی بنایا جائے گا اس کے ساتھ ساتھ زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی کے لیے موثر قانون نافذ کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا جلاس میں ماہی گیری اور آبی زراعت کے لیے نئی پالیسی کی منظوری دے دی گئی جو ماہی گیری کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں مددگار ثابت ہوگی، اجلاس میں بلوچستان ڈسپوزل آف موٹر وہیکلز رولز 2025 کی بھی منظوری دی گئی جس سے گاڑیوں کی خرید و فروخت اور رجسٹریشن کے معاملات کو مزید شفاف بنایا جا سکے گا کابینہ نے سیلاب سے متاثرہ کیڈٹ کالج جعفرآباد کی بحالی کے لیے اضافی گرانٹ جاری کرنے کا فیصلہ کیا جبکہ تعلیمی ترقی کے لیے دستیاب انفراسٹرکچر کے بہتر استعمال کو یقینی بنانے کا فیصلہ بھی کیا گیا تاکہ طلبہ کو جدید تعلیمی سہولیات فراہم کی جاسکیں اجلاس میں بلوچستان فوڈ اتھارٹی لیبارٹری کے قیام کی منظوری دی گئی کابینہ نے تحصیل ڈیرہ بگٹی کو اے ایریا قرار دینے کی منظوری بھی دی، محکمہ خوراک کی جانب سے خریدی گئی گندم کو اوپن مارکیٹ میں فروخت کرنے کے لیے کابینہ نے ایک کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا جو اس عمل کو شفافیت کے ساتھ مکمل کرے گی اور مارکیٹ کا جائزہ لیکر قیمت فروخت کا تعین کرے گی، کابینہ نے رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ میں ضروری ترامیم کی بھی منظوری دی، جعفرآباد میں دو نئے پولیس اسٹیشن قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا تاکہ عوام کو بہتر سیکورٹی فراہم کی جاسکے کابینہ اجلاس میں انسداد دہشت گردی عدالت خضدار کے جج کی تقرری کی منظوری دی گئی،



☆☆☆☆☆☆☆☆☆ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆☆☆

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان




# ...chistan Times

Founded by Syed Faseih Iqbal in 1976

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

...OL XLV No. 1016 QUETTA Friday February 21, 2025 /Sha'ban 22, 1446 Rs: ...


# CM urges cabinet to review performance, improve public services

## Govt greenlights digital Land Settlement, Water Resources Management Bill



**Staff Report**

**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti urged the cabinet members that they should review the performance of their departments and take steps for further improvement in order facilitate masses in the province.

He said this while chairing the provincial cabinet meeting here on Thursday. The cabinet has given nod to several important initiatives aimed at improving the region's development and governance.

In the cabinet meeting approved key policies to meet the expectations of public and ensure facilities to the masses. The cabinet has taken key decisions to improve governance, infrastructure, and public welfare in the region.

The meeting approved the digital land settlement under which all land records will be computerized to ensure transparency and easy access. The cabinet also agreed to provide relief to the landlords in provincial tax on agricultural produce obtained from Kachhi Canal to facilitate the farmers and to improve the agricultural sector.

The cabinet meeting gave approval the Balochistan Water Resources Management Bill in which the correct and effective use of water resources will be ensured, along with this, it was also decided to implement an effective law for the conversion of agricultural tube wells to solar energy.

The meeting permitted establishment of Balochistan Food Authority Laboratory and approved declaring Tehsil Dera Bugti as an A-area. The cabinet decided to form a committee to sell the wheat purchased by the Food Department in the open market, which will complete this process with transparency and will determine the selling price after reviewing the market. The cabinet also approved necessary amendments to the Right to Information Act.

It was decided to establish two new police stations in Jaffarabad to provide better security to the public in the meeting. The cabinet meeting approved the appointment of a judge of the Anti-Terrorism Court Khuzdar besides approved funds of Rs. 65 million for the Public Health Engineering Department.

Addressing the inauguration ceremony of the Inscombe Road Expansion Project and Modern Traffic Policing, Bugti said that I was very happy today that my convoy was also stopped at the red signal, which is a manifestation of the fact that the law is equal for everyone. He congratulated the project director and his entire team on the completion of the Inscombe Road Expansion Project and said that development projects are very important for public welfare. The CM said that the Airport Road will be made as per international standards and this project will be completed within two months after its commencement. He said that the Prime Minister of Pakistan has given the land of Radio Pakistan on Sariab Road to the Balochistan government. The project will be completed in a year. Regarding the beautification of Quetta city, he issued instructions and said that an FIR will be registered against those concerned for writing the name of any political party or institution on the walls of the city. He ordered the administrative officers to take indiscriminate action against those who wall chalk on the walls. If the name of the PPP is written on the walls, then an FIR should be registered against me too. Regarding traffic rules, he made it clear that no one will be allowed to take illegal action. He directed the SSP Traffic to act strictly in this matter and take mandatory action against anyone, no matter how influential he is. At the ceremony, the CM said that a cleanliness campaign called "Safa Quetta" is underway with the aim of making Quetta a clean city of international standards.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 21 FEB 2025 Page No. 10

## صوبائی کابینہ نے پی ایچ ای کیلئے 65 ملین روپے مختص کر دیئے، سردار کھیتران

**فنڈ صاف پانی سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی کیلئے استعمال کیے جائیں گے، وفود سے گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا ہے کہ مسائل کے حل کے لیے حکومت ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے لوگوں کے گھر کی دہلیز پر سہولیات کی فراہمی کے لیے پرعزم ہیں انہوں نے شہریوں، تاجر برادری، اور سماجی تنظیموں کے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کے معیار کو یقینی بنا کر تعمیراتی کام کی رفتار کو تیز کیا جا رہا ہے صوبائی کابینہ نے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے لیے 65 ملین روپے کے فنڈز مختص کر دیئے ہیں جو صوبے کی ترقی میں اہم سنگ میل ثابت ہوں گے یہ فنڈز صاف پانی کی فراہمی، نکاسی آب کے نظام کی بہتری اور دیگر بنیادی سہولتوں کی فراہمی کے لیے استعمال کیے جائیں گے منصوبوں کی تکمیل سے صوبے میں انفراسٹرکچر مزید مستحکم ہوگا۔

MASHRIQ QUETTA

## پیپلز پارٹی کے تمام ارکان اور عہدیدار ایک پیج پر ہیں، بخت محمد کاکڑ

**وزیراعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں بلاول بھٹو زرداری کے ساتھ کندھے سے ملا کر مسائل حل کریں گے، صوبائی وزیر**

**متعلقہ اداروں کو چاہیے کہ وزیر ہو یا سیکرٹری ان کو سختی سے عوامی مسائل کو حل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے، بات چیت**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے تمام ارکان اور عہدیدار ایک پیج پر ہے صوبائی حکومت کی کوشش ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں شہید وطن بے نظیر بھٹو کے ویژن اور پارٹی کے سربراہ بلاول بھٹو زرداری کے ساتھ کندھے سے ملا کر عوام کے مسائل حل اور ان کی مشکلات کم کرنے کیلئے کوششوں میں مصروف ہے سرکاری ہسپتالوں میں مشینری اور ادویات مہیا کرنے کی پالیسی بھی مرتب کی ہے یہ بات انہوں نے میڈیا کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کے پورے بلوچستان کے مسائل پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں اور تمام متعلقہ اداروں کے چاہے وزیر ہو یا سیکرٹری ان کو سختی کے ساتھ عوامی مسائل کو حل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے اسی طرح پاکستان پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والے عہدیدار اور کارکنوں کے آواز سننے کیلئے بھی پالیسی بنائی ہے

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 21 FEB 2025 Page No. 11


## رمضان میں اڑھائی لاکھ خاندانوں کو مفت راشن دینگے، چیف سیکرٹری

### بابرکت ماہ میں ناجائز منافع خوروں کے خلاف سخت ایکشن ہوگا، شکیل قادر خان

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت رمضان المبارک میں سستے بازاروں کے قیام اور پرائس کنٹرول کے حوالے سے اجلاس ہوا چیف سیکرٹری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تاجر رمضان المبارک کے بابرکت مہینے کا خصوصی لحاظ رکھیں ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی سے گریز کریں اشیاء خوردونوش کی قیمتوں کو سرکاری نرخ پر برقرار رکھتے ہوئے فروحت کریں تاکہ عوام سستی اشیاء سے مستفید ہوسکیں انہوں نے کہا کہ رمضان میں مہنگائی کا طوفان برپا کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا عوام بھی سرکاری نرخ دیکھ کر خریداری کریں ریٹ سے زائد ہرگز خریداری نہ کریں مہنگی اشیاء اور ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کی اطلاع دیں چیف سیکرٹری نے کہا کہ حکومت رمضان المبارک میں 250000 خاندانوں کو مفت راشن فراہم کرے گی اجلاس میں حکومت کی جانب سے جاری کردہ رمضان المبارک کیلئے ہدایات، اشیاء خوردونوش کے نرخوں کا تعین، انتظامی آفسران کی ذمہ داریوں سمیت عوام کو ہر قسم ممکن ریلیف کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی۔



چیف سیکرٹری شکیل قادر خان رمضان المبارک میں سستے بازاروں کے قیام اور پرائس کنٹرول کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں


MASHRIQ QUETTA


## رمضان میں اشیاء خوردونوش کی قیمتوں پر کڑی نظر رکھی جائے، چیف سیکرٹری

### تاجران رمضان کے بابرکت مہینے کا خصوصی لحاظ، ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی سے گریز کریں، شکیل قادر خان

### مہنگائی کا طوفان برپا کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا عوام بھی سرکاری نرخ دیکھ کر خریداری اور ذخیرہ اندوزوں کی اطلاع دیں

### صوبائی حکومت کی جانب سے رمضان المبارک میں 250000 خاندانوں کو مفت راشن فراہم کیا جائیگا، زیر صدارت اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت رمضان المبارک میں سستے بازاروں کے قیام اور پرائس کنٹرول کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا چیف سیکرٹری نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تاجران رمضان المبارک کے بابرکت مہینے کا خصوصی لحاظ رکھیں، ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی سے گریز کریں. اشیاء خوردونوش کی قیمتوں کو سرکاری نرخ پر برقرار .........


بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر


رکھتے ہوئے فروحت کریں تاکہ عوام سستی اشیاء سے مستفید ہوسکیں انہوں نے کہا کہ رمضان میں مہنگائی کا طوفان برپا کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا عوام بھی سرکاری نرخ دیکھ کر خریداری کریں ریٹ سے زائد پر ہرگز خریداری نہ کریں مہنگی اشیاء اور ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کی اطلاع دیں اجلاس میں رمضان المبارک میں عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کا فیصلہ کیا گیا چیف سیکرٹری نے کہا کہ صوبائی حکومت کی جانب سے رمضان المبارک میں 250000 خاندانوں کو مفت راشن فراہم کیا جائیگا اجلاس میں صوبائی حکومت کی جانب سے جاری کردہ رمضان المبارک کیلئے ہدایات، اشیاء خوردونوش کے نرخوں کا تعین، انتظامی افسران کی ذمہ داریوں سمیت عوام کو ہر قسم ممکن ریلیف کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی اجلاس میں چیف سیکرٹری نے تمام انتظامی افسران کو ہدایت کی کہ وہ رمضان المبارک کے دوران عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان رمضان میں سستے بازاروں کے قیام کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 21 FEB 2025 Page No. 13


## بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے چھاپے، [illegible] مراکز پر جرمانے عائد

آپریشن ٹیموں نے جیوانی میں 6، اوستہ محمد میں 4، خضدار [illegible] میں 7 [illegible] کے مراکز کا معائنہ کیا

حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی، دودھ سمیت مختلف اشیاء میں ملاوٹ، زائد المیعاد مصنوعات برآمد

کوئٹہ میں 29 کھانے پینے کے مراکز کو مختلف وجوہات پر [illegible] ثابت ہونے پر کارروائی کی گئی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے ناقص اور غیر معیاری اشیاء خوردونوش کی تیاری و فروخت کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مختلف اضلاع میں 50 سے زائد مراکز پر جرمانے عائد کر دیئے گئے۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق اتھارٹی کی آپریشن ٹیموں نے جیوانی میں 6، اوستہ محمد میں 4، خضدار میں 6، خاران میں 7 جبکہ کوئٹہ میں 29 کھانے پینے کے مراکز کو مختلف وجوہات پر جرمانہ کیا، جن میں حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی، دودھ سمیت مختلف اشیاء میں ملاوٹ، زائد المیعاد مصنوعات رکھنے اور لائسنس کی عدم دستیابی شامل ہیں۔ کارروائی کے دوران جنرل و [illegible] اسٹور، ملک شاپس، ہوٹلز، نان شاپس، فاسٹ فوڈ کارنرز، بیکریاں، سرکہ کارخانہ اور گوشت کی دکانوں سمیت مختلف مراکز کو چیک کیا گیا، دوران معائنہ کئی مراکز سے زائد المیعاد خوردنی اشیاء اور پابندی شدہ مصنوعات برآمد ہوئیں جنہیں ضبط کرکے موقع پر تلف کر دیا گیا۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق دودھ کی ملاوٹ چیک کرنے کے لیے اتھارٹی کی خصوصی ملک سیفٹی اور [illegible] ٹیموں نے مذکورہ اضلاع میں 100 سے زائد دکانوں سے دودھ کے نمونے لے کر موقع پر ٹیسٹ کیے اور ملاوٹ ثابت ہونے پر متعدد دودھ فروشوں کے خلاف کارروائی کی گئی۔ علاوہ ازیں، اتھارٹی کی سابقہ ہدایات اور [illegible] تنبیہ کے باوجود بغیر لائسنس اشیاء خوردونوش کی فروخت پر بھی متعدد مراکز کے خلاف ایکشن لیا گیا۔ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے کھانے پینے کی مصنوعات کے کاروباری حضرات کو واضح طور پر کہا گیا ہے کہ اتھارٹی عوام کو محفوظ اور معیاری خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے اپنی کارروائیاں جاری رکھے گی

## محکموں کی طرف سے بجٹ کا مطالبہ اور پھر واپس کرنا مالی ضوابط کی خلاف ورزی ہے، پی اے سی

فنڈز واپس کرنے کا مسئلہ تمام محکموں میں عام ہو چکا، اگر بجٹ استعمال نہیں ہو سکتا تو اس کا مطالبہ ہی نہ کیا جائے، چیئرمین پی اے سی

معاملہ کارروائی کیلئے کابینہ میں لے جایا جائے گا، غیر استعمال شدہ فنڈز بلوچستان کے عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کیا جانا چاہئے، اصغر علی ترین [illegible]

کوئٹہ (آن لائن) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (PAC) کے چیئرمین اصغر علی ترین کی سربراہی میں اجلاس منعقد ہوا، جس میں مالی سال 2022-23ء کے اپروپریشن اکاؤنٹس و آڈٹ پیراز کا جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی نے مالی بدانتظامی، غیر موثر بجٹ سازی، حکومتی محصولات کے نقصان اور سرکاری اثاثوں کے غیر مجاز استعمال پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ غلط بجٹ سازی اور فنڈز کے غیر موثر استعمال پر بریفنگ پبلک ..........

بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

اکاؤنٹس کمیٹی نے بجٹ فرق کے تجزیے کے دوران پایا کہ ناقص منصوبہ بندی کے نتیجے میں 257.986 ملین روپے کی خطیر رقم غیر استعمال شدہ رہی۔ کمیٹی نے سوال اٹھایا کہ ایک طرف غیر مجاز بجٹ کا مطالبہ کیا جاتا ہے اور بعد میں اسے واپس کر دیا جاتا ہے، جو مالی ضوابط کی خلاف ورزی ہے۔ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ فنڈز واپس کرنے کا مسئلہ تمام محکموں میں عام ہو چکا ہے

## تعلیمی سال 2025ء کیلئے مفت درسی کتب کی تقسیم کا 91 فیصد ہدف مکمل

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے میں تعلیمی معیار بہتر بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں

دستیاب اعداد و شمار کے مطابق 9,309,000 درسی کتب میں سے 8,459,687 کتابیں تقسیم کر دی گئی ہیں، ترجمان حکومت

صوبے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ہوگا کہ اسکول کھلنے سے قبل تمام سرکاری تعلیمی اداروں میں نصابی کتب پہنچ جائیں گی، شاہد رند

کوئٹہ (خ ن) ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند نے کہا ہے کہ صوبے بھر میں تعلیمی سال 2025ء کیلئے درسی کتب کی مفت تقسیم کا 91 فیصد ہدف کامیابی سے مکمل کر لیا گیا ہے۔ بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے دستیاب اعداد و شمار کے مطابق 9,309,000 درسی کتب میں سے 8,459,687 کتابیں مختلف اضلاع میں تقسیم کر دی گئی ہیں، جبکہ 849,313 کتابوں کی ترسیل ابھی ..........

بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

باقی ہے۔ ترجمان کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے میں تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے واضح ہدایات جاری کی کہ کوئی بھی طالب علم کتابوں کی عدم دستیابی کی وجہ سے تعلیمی نقصان کا شکار نہ ہو۔ ان ہدایات کی روشنی میں محکمہ تعلیم اور بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ نے درسی کتب کی بروقت اور منصفانہ تقسیم کو یقینی بنایا ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 21 FEB 2025 Page No. 14


## بلوچستان ہائیکورٹ حکومت کی جانب سے جواب داخل نہ کرنے پر برہم

### عدالت نے آئندہ سماعت پر ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ ترقیات و منصوبہ بندی کو طلب کر لیا

کوئٹہ ( آئی این پی ) بلوچستان ہائیکورٹ کے جسٹس جناب جسٹس عبداللہ بلوچ اور جسٹس جناب جسٹس نجم الدین مینگل پر مشتمل بنچ نے پی ایس ڈی پی 2024/25 کے خلاف دائر آئینی درخواست میں حکومت کی جانب سے جواب داخل نہ کرنے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے اگلی سماعت پر ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ ترقی و منصوبہ بندی کو طلب کر لیا ہے۔ گزشتہ روز ڈویژنل بنچ کے روبرو بی این پی عوامی کے سربراہ میر اسد بلوچ کی جانب سے پی ایس ڈی پی 2024/25 کے خلاف دائر آئینی درخواست کی سماعت ہوئی۔ سماعت کے دوران درخواست گزار کی جانب سے بیرسٹر بلوچ خان ایڈووکیٹ جبکہ حکومت کی جانب سے ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل شہ حق بلوچ پیش ہوئے۔ سماعت کے دوران درخواست گزار کی جانب سے موقف اختیار کیا گیا کہ پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پلان ( پی ایس ڈی پی ) میں بلوچستان کے ایک بقیہ نمبر 1 صفحہ 5 پر

حلقے کو مکمل نظر انداز کیا گیا ہے، وزیر اعلیٰ اور حکومت پورے صوبے کا ہوتا ہے ایک حلقے کو کیسے نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔ سماعت کے دوران بنچ نے حکومت کی جانب سے جواب داخل نہ کرنے پر برہمی کا اظہار کیا اور آئندہ سماعت میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ ترقی و منصوبہ بندی کو پیش ہونے کا حکم دیدیا بعد ازاں مذکورہ آئینی درخواست کی سماعت 24 فروری تک ملتوی کر دی گئی۔

## ادویات کی عدم فراہمی کیس، محکمہ بہبود آبادی کا سابق ڈائریکٹر گرفتار

### فیض اختر نے 2022ء میں 52 لاکھ کی مکمل پیشگی ادائیگی کی تھی، فرم نے ادویات فراہم نہیں کیں، حکام

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے محکمہ انسداد بدعنوانی نے 52 لاکھ روپے کی ایڈوانس ادائیگی کے باوجود تین سال تک ادویات کی عدم فراہمی کے کیس میں محکمہ بہبود آبادی کے سابق ڈائریکٹر فیض اختر کو گرفتار کر لیا۔ ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن عبدالواحد کاکڑ نے بتایا کہ محکمہ بہبود بقیہ نمبر 14 صفحہ 5 پر

آبادی کے ڈائریکٹر فیض اختر نے 2022 میں مبینہ طور پر نجی فرم کے ساتھ ملی بھگت کر کے ادویات کی خریداری کیلئے 52 لاکھ روپے کی خریداری کے لیے مکمل پیشگی ادائیگی کر دی۔ تاہم فرم کی جانب سے یہ ادویات محکمے کو فراہم نہیں کی گئی، جس سے قومی خزانے کو بھاری نقصان پہنچا۔ ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن نے بتایا کہ محکمہ پہلے ہی نجی فرم کے سی ای او محمد ایاز کو گرفتار کر چکا ہے، ڈی جی اینٹی کرپشن کا کہنا ہے کہ تحقیقات مکمل ہونے پر مزید گرفتاریوں کی توقع ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 21 FEB 2025 Page No. 16


## کوئٹہ: شابان میں پولیس چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کا حملہ، 2 اہلکار شہید، 2 زخمی

جمعرات کی شب دہشتگردوں نے چیک پوسٹ پر شدید فائرنگ کی، پولیس نے جرأت اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے جواب دیا

زخمیوں میں ایک پولیس اہلکار اور ایک محکمہ زراعت کا ملازم ہے، شہدا کی میتیں پولیس لائن کوئٹہ منتقل، علاقے میں سرچ آپریشن

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) شابان میں دہشت گردوں کا پولیس چیک پوسٹ پر حملہ فائرنگ سے دو پولیس اہلکار شہید، ایک اہلکار اور ایک جنگلات کا ملازم زخمی ہوگیا۔ سیکورٹی فورسز نے سرچ آپریشن شروع کردیا جو رات گئے تک جاری تھا۔ پولیس کے مطابق کوئٹہ کے علاقے شابان میں واقع پولیس چیک پوسٹ پر جمعرات کی شب تین اہلکار ہیڈ کانسٹیبل شمس السلام، کانسٹیبل محمد رمضان اور کانسٹیبل آصف رضا ڈیوٹی پر تھے جبکہ محکمہ جنگلات کا ملازم صاحب زادہ محمد حنیف بھی پولیس اہلکاروں کے ہمراہ چیک پوسٹ میں موجود تھا کہ دہشتگردوں نے چیک پوسٹ پر شدید فائرنگ کردی تاہم پولیس جوانوں نے جرات اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے فوری جوابی کارروائی کی۔ شدید فائرنگ کے تبادلے میں پولیس ہیڈ کانسٹیبل شمس السلام اور کانسٹیبل محمد رمضان شہید جبکہ کانسٹیبل آصف رضاء اور صاحب زادہ محمد حنیف شدید زخمی ہوگئے واقعہ کی اطلاع ملنے پر کوئٹہ پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیا، لاشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد شہداء کی میتیں پولیس لائن کوئٹہ منتقل کی گئیں۔ دوسری جانب سیکورٹی فورسز نے شابان کے پہاڑی علاقوں میں سرچ آپریشن شروع کردیا جو رات گئے تک جاری تھا۔

## ڈیرہ مراد جمالی: غیرت کے نام پر خاتون سمیت 2 افراد قتل

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی کے پولیس تھانہ صدر کی حدود میں جمعہ نامی شخص نے سیاہ کاری کے الزام میں فائرنگ کرکے اپنی بھابھی مسمات (گ) اور ایک شخص چاکر کو ہلاک کردیا اور فرار ہوگیا۔

## تمپ میں فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

تربت (نامہ نگار) تمپ کے علاقے کوہاڑ میں معلوم افراد کی فائرنگ سے کریم داد ولد منظور ساکن کوہاڑ تمپ ہلاک ہوگیا واقعہ کے بعد ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ، اندرون بلوچستان فائرنگ، حادثات 8 جاں بحق، 14 زخمی

پنجگور میں ایک شخص جاں بحق دو افراد زخمی پنجگور میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا

کوئٹہ میں پولیس اہلکار پراسرار طور پر اپنے گھر میں مردہ پایا گیا، سبزل روڈ پر فائرنگ سے منشیات فروش ہلاک

ڈیرہ مراد میں سیاہ کاری کے الزام میں ایک مرد اور خاتون قتل، نال میں حادثہ ایک جاں بحق، دو زخمی ہوگئے

کوئٹہ، اندرون بلوچستان (سٹی رپورٹر، نیوز ایجنسیاں) کوئٹہ، اندرون بلوچستان فائرنگ حادثات 8 جاں بحق 14 زخمی ہوگئے تفصیلات کے مطابق۔ پنجگور میں گاڑی کی موٹر سائیکل کو ٹکر ایک شخص جاں بحق دو افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق پنجگور کے...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

گاؤں دشبود میں گاڑی کی موٹر سائیکل کو ٹکر مبہم ولد غلام قادر نامی نوجوان جاں بحق ہوگیا جبکہ دو سگے بھائی حکمت اللہ اور اللہ رحم زخمی ہوگئے بعد ازاں ٹریفک حادثہ میں جاں بحق شخص کی میت اور زخمیوں کو اسپتال پہنچایا گیا مقامی پولیس مزید کارروائی کررہی ہے۔ تمپ میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز تمپ کے علاقے کوہاڑ میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے کریم داد سکنہ گومازی تمپ کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے نعش ہسپتال منتقل کردی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی مزید کاروائی پولیس کررہی ہے۔ کوئٹہ کے نواحی علاقے ہنہ بائی پاس کراس کے قریب رہائش پذیر پولیس اہلکار پراسرار طور پر اپنے گھر میں مردہ پایا گیا

## قمبرانی، سکندرآباد میں دھماکہ، ایک شخص جاں بحق

پولیس اور سیکیورٹی فورسز اور بم ڈسپوزل اسکواڈ نے علاقہ گھیر لیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے قمبرانی روڈ پر سکندر آباد کے قریب بم دھماکے کے نتیجے میں ایک نامعلوم شخص ہلاک ہو گیا۔ واقع کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکیورٹی فورسز اور بم ڈسپوزل اسکواڈ کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں علاقے .......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

کو گھیرے میں لے لیا پولیس کے مطابق جمعرات کی شب کوئٹہ کے علاقے کیچی بیگ سکندر آباد میں دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں ایک نامعلوم شخص ہلاک ہوگیا، دھماکے کی آواز دور دور تک سنی گئی پولیس کی جانب سے شبہ ظاہر کیا جارہا ہے

## نوشکی میں مسلح افراد کی گاڑی پر فائرنگ، بھگدڑ مچ گئی

ایک شخص زخمی، دیگر افراد نے قریبی دکان میں پناہ لیکر جان بچائی

کوئٹہ (کرائم رپورٹر) نوشکی مسلح افراد کی فائرنگ گاڑی کو نقصان پہنچا گاڑی میں سوار افراد نے قریبی دکان میں داخل ہوکر جان بچائی پولیس ذرائع کے.......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

مطابق جمعرات کے روز دوپہر بس اڈہ میں مسلح افراد نے ایک کار موٹر پر فائرنگ کردیا گاڑی میں سوار نوروز خان نامی شخص اپنے ساتھیوں سمیت قریبی دکان میں پناہ لے کر جان بچائی پولیس واقع کی مزید تفتیش کررہی ہے

CamScanner

# بلوچستان کانسٹیبلری کے سب انسپکٹر کی نعش برآمد، 4 افراد قتل

متوفی انسپکٹر گھر میں تنہا تھا اہلیہ کے گھر آنے پر دروازہ نہ کھولا تو اہل محلہ دروازہ توڑ کر اندر آئے تو محمد فاروق اپنے کمرے میں مردہ حالت میں پایا گیا

تربت میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، کوئٹہ میں منشیات فروش آپس میں لڑ پڑے، فائرنگ سے ایک ہلاک، ڈیرہ مراد جمالی میں سیاہ کاری کے شبہ میں خاتون، مرد قتل

تربت + کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں مکان سے بلوچستان کانسٹیبلری کے سب انسپکٹر کی لاش برآمد۔ پولیس حکام کے مطابق کوئٹہ کے علاقے ہنہ بائی پاس کراس کے قریب بی سی کے سب انسپکٹر محمد فاروق کی لاش ان کے گھر کے کمرے سے برآمد ہوئی ہے۔ حکام کے مطابق محمد فاروق کی اہلیہ اپنے علاقے گئی ہوئی تھیں، اہلیہ نے گھر آنے پر دروازہ نہ کھولنے پر ہمسایوں کی مدد سے دروازہ توڑا تو کمرے سے محمد فاروق مردہ حالت میں پایا گیا۔ پولیس نے لاش سول ہسپتال منتقل کردی حکام کے مطابق

بقیہ نمبر 54 صفحہ 5 پر

پوسٹ مارٹم کے بعد موت کی وجوہات سامنے آئیں گی۔ سب انسپکٹر محمد فاروق ڈسٹرکٹ پولیس میں ڈیپوٹیشن پر ڈیوٹی سرانجام دے رہا تھا۔ علاوہ ازیں کوئٹہ میں فائرنگ سے ایک منشیات فروش ہلاک ہو گیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ شب کوئٹہ کے علاقے نیو میزل روڈ پر منشیات فروش آپس میں لڑ پڑے اس دوران فائرنگ سے ایک شخص ہلاک ہو گیا۔ واقعہ کے بعد حملہ آور جائے وقوعہ سے فرار ہو گئے جبکہ پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا۔ مزید کارروائی جاری ہے۔ ادھر ڈیرہ مراد جمالی کے قریب دلی کے علاقے میں سیاہ کاری کے الزام میں ایک مرد اور خاتون قتل۔ پولیس کے مطابق صدر تھانے کی حدود گوٹھ جان محمد میں مبینہ سیاہ کاری کے الزام میں ایک مرد اور خاتون کو قتل کر دیا گیا۔ واقعے کے بارے میں پولیس تحقیقات کر رہی ہے جبکہ نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، تربت کے علاقے کوہاڈ میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے کریم داد ولد حضور بخش کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے۔ مقتول کریم داد کے لواحقین نے میت کے ہمراہ احتجاج کا اعلان کیا اور میت شہید فدا چوک کی طرف روانہ ہوئے ہیں جہاں وہ شہید فدا چوک پر میت کے ہمراہ احتجاجی دھرنا دیں گے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 21 FEB 2025 Page No. 18

# خضدار، وڈھ، لسبیلہ میں قومی شاہراہ دو روز سے بند، ہزاروں مسافر پھنس گئے

کوئٹہ کراچی شاہراہ پر سینکڑوں مسافر گاڑیاں اور مال بردار ٹرک کھڑے ہوگئے، مریضوں کو شدید مشکلات

رات کے وقت شدید سردی سے خواتین، بچوں کی پریشانی میں اضافہ، ایمبولینسز، ہر قسم کی ٹرانسپورٹ بند

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ خضدار وڈھ اور لسبیلہ کے مقام پر روڈ بلاک ہونے کی وجہ سے گزشتہ 36 گھنٹوں سے سینکڑوں کی تعداد میں مسافر کوچیں، چھوٹی بڑی اور مال بردار گاڑیاں پھنسی ہوئی ہیں جن میں بڑی تعداد میں خواتین، بچے مسافر شدید سردی کی وجہ سے مشکلات سے دو چار ہے بلوچستان...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

کے طول وارض میں بین الاقوامی، بین الصوبائی اور رابطہ سڑکوں کی بندش کی وجہ سے آئے روز لوگ اپنے مسائل کے حل اور حقوق کے حصول کے لئے قومی شاہراہوں کو بلاک کر کے احتجاج کے ذریعے مسائل کا حل نکلوا رہے ہیں جس کی وجہ سے حکومت اور متعلقہ انتظامی آفیسران اور دیگر اداروں کی رٹ کہیں پر بھی نظر نہیں آرہی شاہراہوں کی بندش کی وجہ سے مریضوں کو ہسپتال پہنچنے اور لوگوں کو اپنے روزمرہ کے دیگر امور کی انجام دہی اور کسی غمی وخوشی کے حوالے سے منزل مقصود تک پہنچنے میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے کوئٹہ کراچی آر سی ڈی قومی شاہراہ گزشتہ 36 گھنٹوں سے مختلف مقامات سے علاقہ مکینوں نے بند کر رکھی ہے

Century Express Quetta

# رمضان کی آمد سے قبل ہی اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں اضافہ

وزیراعلیٰ سے ناجائز منافع خوروں وذخیرہ اندوزوں کیخلاف کارروائی کا مطالبہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں رمضان المبارک کی آمد سے قبل ہی اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں اضافہ اور ذخیرہ اندوزی کا سلسلہ شروع ہوگیا، گوشت، سبزی، فروٹ دالیں سب کی قیمتوں میں من مانا اضافہ کردیا گیا۔ پرائس کنٹرول غیر فعال، منافع خوروں کو کوئی پوچھنے والا نہیں۔ مارکیٹ میں گائے کا گوشت 1250 فی کلو، بکرے کا گوشت 2000 سے 2200 مرغی 600 روپے فی کلو فروخت جبکہ سبزیوں میں ٹماٹر 80 آلو 80، پیاز 100 بھنڈی 200 کدو 90 سبز مرچ ادرک 800 لہسن 800 روپے فی کلو فروخت کیا جا رہا ہے اسی طرح دال ماش، دال مونگ، بیسن دال چنہ، سفید چنے سمیت بیکری مصنوعات ڈبل روٹی' بسکٹ' کیک رس اور مٹھائی کی قیمتیں بھی بڑھا دی ہیں۔ شہریوں نے کہا ہے کہ ہر سال ماہ مقدس میں ناجائز منافع خور غریب عوام کی پریشانیوں میں جلا کرتے ہیں مگر ان کے خلاف ضلعی انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹی کی جانب سے کوئی کارروائی نہیں کی جاتی انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان' کمشنر و ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سے ناجائز منافع خوروں اور' ذخیرہ اندوزی کے خلاف کارروائی اور مہنگائی کنٹرول کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: 21 FEB 2025 کوئٹہ

Bullet

Page No. 19

# وزیراعلیٰ بلوچستان کا قانون کی بالادستی اور شہری ترقی پر زور

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ قانون سب کے لیے برابر ہے۔ کوئٹہ شہر ہم سب کا گھر اور پورے صوبے کا چہرہ ہے، جس کی خوبصورتی کے لیے ہر فرد نے اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ وال چاکنگ سے شہر کی خوبصورتی خراب ہوتی ہے، اس لیے جو بھی وال چاکنگ میں ملوث ہو، اس کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو انسکمب روڈ توسیع منصوبے اور ماڈرن ٹریفک پولیسنگ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ مجھے آج دلی خوشی ہوئی کہ میرا قافلہ بھی سرخ سگنل پر روکا گیا، جو اس بات کا مظہر ہے کہ قانون سب کے لیے برابر ہے۔ انہوں نے اسکمب روڈ توسیع منصوبے کی تکمیل پر پروجیکٹ ڈائریکٹر اور ان کی پوری ٹیم کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ ترقیاتی منصوبے عوامی فلاح و بہبود کے لیے انتہائی اہم ہیں۔

وزیراعلیٰ نے کہا کہ ائیرپورٹ روڈ کو بین الاقوامی معیار کے مطابق بنایا جائے گا، اور یہ منصوبہ آغاز کے بعد دو ماہ میں مکمل ہوگا۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ وزیراعظم پاکستان نے سریاب روڈ پر ریڈیو پاکستان کی اراضی بلوچستان حکومت کو پارک کی تعمیر کے لیے دینے کی حامی بھری ہے۔ اس 124 ایکڑ اراضی پر بغیر کنکریٹ کا نیچرل پارک بنانے کا منصوبہ بنایا جائے گا، جسے وزیراعظم پارک کا نام دیا جائے گا۔ یہ منصوبہ ایک سال میں مکمل کیا جائے گا۔

کوئٹہ شہر کی خوبصورتی کے حوالے سے وزیراعلیٰ بلوچستان نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ شہر کی دیواروں پر کسی بھی سیاسی جماعت یا ادارے کا نام لکھنے پر متعلقہ افراد کے خلاف ایف آئی آر درج کی جائے گی۔ انہوں نے انتظامی افسران کو حکم دیا کہ دیواروں پر وال چاکنگ کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر دیواروں پر پیپلز پارٹی کا نام لکھا ہو تو بھی میرے خلاف ایف آئی آر درج کی جائے۔

ٹریفک قوانین کے حوالے سے وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ کسی کو خلاف ضابطہ اقدام کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ جو بھی ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرے گا، اس کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے ایس ایس پی ٹریفک کو ہدایت کی کہ وہ اس معاملے میں سختی سے عمل کریں اور کوئی کتنا بھی با اثر کیوں نہ ہو، اس کے خلاف لازمی کارروائی کریں۔

تقریب میں وزیراعلیٰ نے میرٹ کی پابندی اور شفافیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ میرٹ کی پامالی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ "صفا کوئٹہ" کے نام سے ایک صفائی مہم جاری ہے، جس کا مقصد کوئٹہ کو ایک بین الاقوامی معیار کا صاف ستھرا شہر بنانا ہے۔

تقریب میں کوئٹہ ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کے ڈائریکٹر رفیق بلوچ نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ یہ منصوبہ کوئٹہ شہر کے بنیادی ڈھانچے میں نمایاں بہتری ثابت ہوگا اور عوام کو بین الاقوامی معیار کی سہولیات فراہم کرنے میں مدد دے گا۔ منصوبے کے تحت کوئٹہ شہر کے مین سیکشنز کو اپ گریڈ کیا جا رہا ہے، جہاں سے زیادہ ٹریفک گزرتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (نسٹ) کے ماہر انجینئرز سے جدید ترین نقشے بنوائے گئے ہیں، جس میں سڑکوں کی بہتری کے ساتھ ساتھ نکاسی آب کا موثر نظام بھی شامل ہے۔ پروجیکٹ ڈائریکٹر نے یقین دلایا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر عمل درآمد کرتے ہوئے جاری منصوبوں کی تکمیل کے لیے کام کی رفتار تیز کر دی گئی ہے۔

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے ان اقدامات سے ظاہر ہوتا ہے کہ بلوچستان حکومت شہری ترقی، قانون کی بالادستی، اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے پرعزم ہے۔ ان کی قیادت میں کوئٹہ شہر کو ایک جدید اور بین الاقوامی معیار کا شہر بنانے کی جانب اہم پیش رفت ہو رہی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 21 FEB 2025 Page No. 20


## بلوچستان میں مقامی حکومتیں پسماندگی اور محرومی کے خاتمے کیلئے موثر فارمولہ!

بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل، بجٹ کا صحیح اور شفاف استعمال ہمیشہ مسائل کی وجہ بنی ہے۔ ترقیاتی منصوبوں کیلئے رقم مختص کرنے کے باوجود منصوبے تاخیر کا شکار رہتے ہیں جس کے باعث بلوچستان ترقی کی دوڑ میں پیچھے ہے۔ وزراء سمیت تمام ایم پی ایز کو فنڈز جاری کئے جاتے ہیں مگر حلقوں میں کام نہیں ہوتا۔ بلوچستان وسیع رقبے اور منتشر آبادی پر پھیلا ہوا صوبہ ہے جہاں حلقے بہت بڑے ہیں۔ یہاں مقامی ماڈل طرز حکومت کے ذریعے ہی مسائل اور چیلنجز سے نمٹا جاسکتا ہے اور عوامی مسائل حل ہوسکتے ہیں مگر مقامی حکومتوں کی تشکیل کے باوجود ان کے اختیارات پر ایم پی ایز حاوی رہتے ہیں جبکہ فنڈز پر بھی اراکین اسمبلی اپنا حق سمجھ کر مقامی نمائندگان کو نہیں دیتے جس کا شکوہ ہمیشہ بلدیاتی نمائندگان کرتے آئے ہیں۔ سڑکوں کی تعمیر، سیوریج نظام، پانی کے منصوبے سمیت دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی مقامی نمائندگان بہتر انداز میں حل کرسکتے ہیں بشرطیکہ انہیں مکمل اختیارات دیئے جائیں جبکہ چیک اینڈ بیلنس اسمبلی ارکان خاص کر وزیراعلیٰ بلوچستان کی ذمہ داری ہے۔ چونکہ کرپشن نچلی سطح پر ہوتا ہے لہٰذا اس کے تدارک کیلئے موثر مانیٹرنگ کی ضرورت ہے۔ بدقسمتی سے بلوچستان میں کرپشن بہت زیادہ ہے جس کا ثبوت بلوچستان کی پسماندگی ہے۔ بہرحال وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے مسلسل یہ بات دہرائی جارہی ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور بجٹ کا صحیح استعمال کیا جائے تاکہ بلوچستان کے دیرینہ مسائل حل ہوسکیں۔ گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئندہ مالی سال 2025/26 کے سالانہ ترقیاتی پروگرام (پی ایس ڈی پی) کی تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کی جس میں مختلف محکموں کے انتظامی سیکرٹریز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، بجٹ کی تقسیم، اور ترجیحی شعبوں پر تفصیلی غور کیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے تمام محکموں کو ہدایت کی کہ ترقیاتی اسکیموں کو عوامی ضروریات اور بلوچستان کی پسماندگی کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا جائے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس بات پر زور دیا کہ جاری منصوبوں کو مقررہ وقت میں مکمل کرنے کے لیے موثر حکمت عملی اختیار کی جائے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل ہوسکیں۔ میر سرفراز بگٹی نے تمام انتظامی سیکرٹریز کو ہدایت کی کہ وہ ترقیاتی بجٹ کے استعمال میں شفافیت اور موثر نگرانی کو یقینی بنائیں۔ ترقیاتی اسکیموں کے انتخاب میں میرٹ اور عوامی مفاد کو اولین ترجیح دی جائے۔ بلوچستان حکومت تمام اضلاع میں یکساں ترقیاتی مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے اور اس سلسلے میں ہر شعبے میں جامع حکمت عملی اپنائی جارہی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ پی ایس ڈی پی کے تحت نئے منصوبوں کی منصوبہ بندی میں جدید تکنیکی طریقے اپنائیں تاکہ ترقیاتی عمل کو مزید موثر اور نتیجہ خیز بنایا جاسکے۔ اجلاس کے دوران مختلف محکموں کے سیکرٹریز نے وزیراعلیٰ کو اپنے اپنے محکموں میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی اور درپیش چیلنجز سے آگاہ کیا۔ وزیراعلیٰ نے حائل مشکلات کے حل کے لیے فوری اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی اور محکموں کو تاکید کی کہ وہ باہمی تعاون کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔ بہرحال بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیا داروں کے درمیان ورکنگ ریلیشن شپ ضروری ہے لیکن وزراء کے قلمدان اور سیکرٹریز کے چند ماہ کے دوران تبدیلی بھی مسائل کی بڑی وجہ ہیں اگر محکموں کو چند سال تسلسل کے ساتھ چلنے دیا جائے تو نتائج مثبت نکلیں گے اور اگر کسی جگہ کوتاہی، غفلت، مبینہ کرپشن کا معاملہ سامنے آئے تو یہ واضح ہوجائے گا کہ اس کے ذمہ داران کون ہیں۔ اگر بلوچستان میں مقامی ماڈل حکومت کو زیادہ ترجیح دی جائے تو بلوچستان کے دور دراز علاقوں کے مسائل کے حل اور پسماندگی کے خاتمے میں مدد ملے گی۔ بلوچستان حکومت کو زیادہ توجہ بلدیاتی نظام پر دینے کی ضرورت ہے جس سے حکومت پر مسائل کا بوجھ کم ہونے کے ساتھ بہترین کوآرڈینیشن کے ذریعے کام کرنے کا موقع بھی ملے گا، عوامی مسائل ان کے دہلیز پر حل ہونگے، مقامی نمائندگان تک ان کی رسائی آسان ہے وہ اپنے مسائل مقامی نمائندگان تک کسی مشکل ودقت کے ساتھ پہنچا سکتے ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 5

Dated: 21 FEB 2025 Page No. 21

# Modernizing healthcare sector

Balochistan Chief Minister, Mir Sarfraz Bugti emphasized the need for formulation of a comprehensive strategy to improve the healthcare system, in collaboration with all stakeholders. He reiterated the provincial government's commitment to modernizing the healthcare sector to provide quality medical services to the public. The chief minister said this during a briefing by health experts from Balochistan and Punjab on Health Department departmental reforms and government initiatives. The health indicators in the province like infant and mother mortality, are poorer than any other province. Malaria, Typhoid, Hepatitis, gastrointestinal and respiratory disorders are common in the province. Though the health sector in Balochistan remained the focus of welfare programs launched by every government in the past, the shortage, misuse of public funds and irregularities in this sector caused no relief to the people in the most backward province. The private hospitals, clinics and laboratories have witnessed a mushroom growth in the provincial capital over a short period of a decade. Similarly more than 100 laboratories in Quetta are engaged in flourishing their business. Most of these laboratories lack the professional staff and essential diagnostic instrumentation. The government hospitals remain as the only option for the poor segment of society, who are compelled to face the arrogant behavior of the hospital staff, as they cannot afford the high expenses of private treatment and costly medication. There have been wide complaints about the shortage of medicines at the government hospitals and the poor patients have to purchase the costly medicines from the market. Medicine store provides the medicines of low standard companies. The purchased medicines are not timely disposed of and some time the medicines are about to expire. A health insurance scheme for the people in different parts of the province should be launched in order to provide the people free healthcare facilities. The wider coverage of poor sections of society under the health insurance scheme will be a great step towards making the country a welfare state. Under the scheme, people living below the poverty line should be able to get the best possible treatment at government's expense. Under the programme, the treatment of cancer, heart disease accidents, burns and other chronic disorders should be insured under the priority diseases category. Government must make no compromise on the health sector and equip all government run hospitals with modern machinery and technologies. The doctors and other paramedical staff must be imparted training to deal with patients and they should be made punctual and dedicated to their job and duty.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 5 (1)

Dated: 21 FEB 2025 Page No. 22

# Untapped potential of Mekran coastal belt's seabed

The Gwadar and Mekran coastal belt of Balochistan, stretching along the Arabian Sea, is a region of immense strategic and economic significance. While much attention has been given to Gwadar's port and its role in the China-Pakistan Economic Corridor (CPEC), the seabed resources of this region remain an underexplored treasure trove. These resources, ranging from minerals and hydrocarbons to marine biodiversity, hold the potential to transform Pakistan's economy, bolster energy security, and create sustainable livelihoods for local communities. It is imperative that Pakistan prioritizes the exploration and sustainable utilization of these seabed resources to unlock their full potential. The seabed of the Gwadar and Mekran coastal belt is believed to be rich in mineral resources, including manganese nodules, phosphorite, and rare earth elements. These minerals are critical for various industries, from electronics to renewable energy technologies. For instance, rare earth elements are essential for manufacturing wind turbines, electric vehicles, and smartphones. By tapping into these resources, Pakistan can reduce its reliance on imports, generate significant revenue, and position itself as a key player in the global supply chain for critical minerals. In addition to minerals, the region's seabed is thought to hold substantial hydrocarbon reserves. Offshore oil and gas exploration in the Arabian Sea has already shown promising results, with discoveries in neighboring countries like Oman and India. Pakistan, with its vast maritime zone, has yet to fully explore its offshore potential. Developing these resources could address the country's chronic energy shortages, reduce the import bill for fossil fuels, and provide a reliable source of energy to fuel industrial growth. Moreover, the revenue generated from hydrocarbon exports could be reinvested in infrastructure, education, and healthcare, fostering long-term economic development.

The marine biodiversity of the Gwadar and Mekran coastal belt is another invaluable resource. The region's waters are home to a wide variety of fish, crustaceans, and other marine species, which support the livelihoods of thousands of local fishermen. Sustainable management of these fisheries can ensure food security, create employment opportunities,

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 5 (21) Dated: 21 FEB 2025 Page No. 23

and contribute to the blue economy. Furthermore, the unique ecosystems of the region, such as coral reefs and mangroves, have immense ecological value. Protecting these habitats is not only essential for maintaining biodiversity but also for mitigating the impacts of climate change, as they act as natural carbon sinks and protect coastal areas from erosion and extreme weather events. Realizing the potential of these seabed resources requires a strategic and sustainable approach. First and foremost, the government must invest in advanced marine research and exploration technologies to accurately assess the extent and quality of these resources. Collaboration with international partners, particularly those with expertise in deep-sea mining and offshore drilling, can accelerate this process. At the same time, it is crucial to establish robust regulatory frameworks to ensure that resource extraction is carried out responsibly, with minimal environmental impact.

Equally important is the need to involve local communities in decision-making processes. The people of Balochistan, particularly those living along the coast, have a deep connection to the sea and its resources. Their traditional knowledge and practices can provide valuable insights into sustainable resource management. Moreover, ensuring that local communities benefit from the development of seabed resources is essential for addressing long-standing grievances and fostering social cohesion. Seabed resources of the Gwadar and Mekran coastal belt represent a golden opportunity for Pakistan to diversify its economy, enhance energy security, and improve the livelihoods of its citizens. However, this opportunity must be seized with caution and foresight. By adopting a balanced approach that prioritizes sustainability, inclusivity, and environmental protection, Pakistan can harness the untapped potential of its maritime resources while preserving them for future generations. The time to act is now, before these resources are overshadowed by competing interests or lost to environmental degradation. The sea holds the key to a brighter future let us unlock it wisely.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 21 FEB 2025

Page No.



کوئٹہ، الخدمت فاؤنڈیشن ڈونرز کانفرنس سے وفاقی محتسب ڈاکٹر آصف محمود جاہ، وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، پارلیمانی سیکرٹری عبدالمجید بادینی و دیگر خطاب کر رہے ہیں



صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران مختلف وفود کے نمائندوں سے ملاقات کر رہے ہیں